NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON THE EMERGENCY MADADGAR (PROTECTION FROM CIVIL AND CRIMINAL LIABILITIES) BILL, 2020

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honor to present this report on the Bill to provide for protection of Emergency Madadgar from civil and criminal liabilities by establishing supportive legal environment; constitution of Emergency Madadgar Authority; obligation of hospitals and clinics and for matters connected therewith or incidental thereto [The Emergency Madadgar (Protection from Civil and Criminal Liabilities) Bill, 2020] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 10th December, 2019.

2. The Committee comprises the following:

1) **Raja Khurram Shahzad Nawaz**	**Chairman**
2) Mr. Sher Akbar Khan	Member
3) Mehar Ghulam Muhammad Lali	Member
4) Mr. Raza Nasrullah	Member
5) Khawaja Sheraz Mehmood	Member
6) Mr. Rahat Aman Ullah Bhatti	Member
7) Malik Karamat Ali Khokhar	Member
8) Sardar Talib Hassan Nakai	Member
9) Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak	Member
10) Mr. Muhammad Akhtar Mengal	Member
11) Nawabzada Shazain Bugti.	Member
12) Malik Sohail Khan	Member
13) Rana Shamim Ahmed Khan	Member
14) Mr. Mohammad Pervaiz Malik	Member
15) Mr. Nadeem Abbas	Member
16) Ms. Maryam Aurangzaib	Member
17) Syed Agha Rafiullah	Member
18) Nawab Muhammad Yousuf Talpur	Member
19) Mr. Abdul Qadir Patel	Member
20) Mr. Asmatullah	Member
21) Mr. Ijaz Ahmad Shah Minister for Interior	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-A, in its meetings held on 24-12-19, 27-1-2020, 3-2-2020, 14-2-2020, 17-2-2020 and 4-3-2020. The Committee recommends that the Bill as introduced may not be passed by the Assembly.

-Sd-

(TAHIR HUSSAIN)
Secretary

Islamabad, the 3rd Nov, 2020

-Sd-

(RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ)
Chairman
Standing Committee on Interior

Annex-A

[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

to provide for protection to Emergency Madadgar from civil and criminal liabilities by establishing supportive legal environment; constitution of Emergency Madadgar Authority; obligations of hospitals and clinics and for matters connected therewith or incidental thereto;

It is enacted as follows:—

1. **Short title, extent and commencement.** (1) This Act may be called the Emergency Madadgar (Protection from Civil and Criminal Liabilities) Bill, 2019.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

2. Definitions: In this Act, unless the context otherwise requires,—

(a) "accident" includes earth quick, flood, drought, terrorist attack, war, road, railways or air accident;

(b) "appropriate Government" means in the case of a Province, the Government of that Province and in all other cases, the Federal Government;

(c) Authority means the Emergency Madadgar Authority' constituted under section 3;

(d) "bystander" means a person who is witness to an accident i.e. earth quick, flood, drought, terrorist attack, war, or incident of crime;

(e) "emergency response" means reasonable necessary reaction to an accident or incident of crime and includes taking the victim to a hospital in order to save his life or calling in an ambulance or police;

(f) "Fund" means the Emergency Madadgar Fund constituted under section 11;

(g) "Emergency Madadgar" includes a bystander who helps a victim by taking reasonable necessary action to save his life or property;

(h) "incident of crime" includes sexual assault, robbery, theft, murder, attempt to murder, kidnapping, attempt to kidnapping and road rage during or after the accident or incident; and

(1) "victim" means a victim of an accident or crime.

3. **Constitution of the Emergency Madadgar Authority.**– (1) The Federal Government shall, within a period of six months from the coming into force of this Act, constitute an Authority to be known as the Emergency Madadgar Authority.

(2) The Chairperson of the Authority shall be nominated by the Federal Government in such manner, as may be prescribed, from amongst persons of eminence having adequate knowledge of and experience in management, administration, public affair, health services, social work or law.

(3) The Authority shall have one representative from each Province and the Islamabad Capital Territory (ICT) as member, who shall be appointed by the Federal Government in consultation with the concerned Provincial Government or the Islamabad Capital Territory (ICT) Administration, as the case may be.

(4) The Chairperson and the members of the Authority shall hold office for a period of three years from the date of their appointment.

(5) The Authority shall have such number of officers and staff, as may be necessary, for efficient discharge of its functions.

(6) The salaries, allowances and other terms of conditions of the officers and staff of the Authority shall be such as may be prescribed.

4. Functions of the Authority.– The functions of the Authority shall be:

(a) to receive complaints of harassment or violation of rights of Emergency Madadgar under this Act and institute legal proceedings against persons involved in such harassment or violation of rights;

(b) to process and pay claims of hospitals regarding payment of hospital charges for providing treatment to a victim;

(c) to take up mass media campaigns to encourage and sensitize the public in becoming Emergency Madadgar; and

(d) to inform the general public about the provisions of this Act and in particular the rights of Emergency Madadgar in such manner, as it may deem appropriate.

5. Exemption from Civil or Criminal Liability to Emergency Madadgar and their Rights.- (1) An Emergency Madadgar shall not be liable to any civil or criminal liability in respect of anything done or cause to have been done to save the life or property of a victim.

(2) Without prejudice to the generality of the foregoing provision, a Emergency Madadgar, in respect of an accidents or crime in which he helps in saving life or property of a victim, shall have the following rights, namely:—

(a) he shall not be required or compelled to file a First Information Report unless he decides otherwise;

(b) he shall not be required or compelled to pay any charges for treatment including future treatment to the hospital or clinic in which the victim is brought by him for treatment;

(c) he shall not be detained by the hospital or police official for any reason including, but not limited to,—

(i) finding or confirming the identity of the victim;

(ii) questioning unless he decides to stay and respond; and

(iii) standing as witness or providing evidence to the police or any other person;

(d) he shall not be forced to reveal his identity; and

(e) he shall not be subject to any force or harassment by any person investigating into or otherwise related to the accident or incident of crime.

(3) Where an Emergency Madadgar assist in the investigation of an accident or incident of crime,-

(a) the police shall act with sensitivity towards him and complete the recording of his statement and all other proceedings relating to him in a timely manner;

(b) he shall not be called repeatedly;

(c) his statement as a witness in a court of law may be recorded through a video link in a single hearing.

6. Educational Institutions to impart training in first-aid and emergency response to students.- (1) It shall be the duty of every educational institution to impart training in first-aid and emergency response to every student, above the age of thirteen years for such duration, as may be prescribed.

(2) The training under sub-section (1) shall be imparted once in every academic year.

(3) For the purpose of imparting training under sub-section (1) the educational institutions shall take the assistance of such professionals or institutions, as the appropriate Government may, by notification in the Official Gazette, specify.

7. Appropriate Government to impart training in first-aid and emergency response to its employees.- It shall be the duty of the appropriate Government to impart training in first-aid and emergency response to all their employees once a year.

(2) For the purpose of imparting training under sub-section (1), the appropriate Government shall take the assistance of such professionals or institutions, as it may, by notification in the Official Gazette, specify.

8. Appropriate Government to organize awareness programmes and workshops.- The appropriate Government shall, from time to time, organize and conduct programmes, workshops and seminars to—

(a) sensitise the citizens in becoming Emergency Madadgar;

(b) make the citizens aware of emergency response numbers of ambulance service and police assistance; and

(c) train the citizens in the art of first-aid and emergency response.

9. Duty of every hospital and clinic to provide emergency treatment.- (1) No hospital or clinic shall deny emergency treatment to any victim:

Provided that if the hospital, or clinic is not equipped to deal with the emergency treatment, it shall assist in directing the victim to the nearest hospital or clinic where such emergency treatment facility is available.

(2) No hospital or clinic shall demand any payment for providing emergency treatment to any victim or deny such treatment if the family members of the victim are unable to make the payment.

(3) For reimbursement of charges incurred during emergency treatment of any victim, the hospital or clinic concerned shall apply to the Authority within such period and in such form and manner, as may be prescribed.

(4) It shall be the duty of hospital or clinic to inform the police as soon as a victim is brought to the hospital or clinic by an Emergency Madadgar.

10. Constitution of Emergency Madadgar Fund.- (1) The Federal Government shall, by notification in the Official Gazette, constitute a Fund to be known as the Emergency Madadgar Fund.

(2) The Federal Government shall, after due appropriation made by Parliament by law in this behalf, credit such sums to the Fund, as may be necessary, for carrying out the purposes of this Act.

11. Penalty for denial of treatment to victims by hospitals or Clinics.- (1) Where any physical or mental damage to, or death of, a victim occurs due to denying emergency treatment to him by a hospital or clinic, the licence of such hospital or clinic shall be cancelled and such hospital or clinic shall also be liable to a fine which shall not be less than ten lakh rupees:

(2) Notwithstanding anything in sub-section (1), no hospital or doctor shall be liable to any, civil or criminal liability for any physical damage to, or death of, a victim due to complications during the emergency medical treatment:

Provided that nothing in this sub-section shall apply to a case of gross medical negligence by a medical practitioner.

The provisions of this Act shall have effect notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force.

12. Removal of difficulties.- (1) If any difficulty arises in giving effect to the provision of this Act, the Federal Government may, by notification in the official Gazette, make such

provisions not inconsistent with the provisions of this Act, as may appear to it to be necessary or expedient for removal of the difficulty:

Provided that no such order shall be made after the expiry of a period of two years from the date of the commencement of this Act.

(2) Every order made under this section shall, as soon as may be laid before each House of Parliament.

13. Power to make Rules.- (1) The Federal Government may, by notification in the Official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

(2) Every rule made under this Act shall be laid, as soon as, before each House of Parliament, while it is in session, if, before the expiry of the session immediately following the session or the successive sessions aforesaid, the rule shall thereafter have effect only in such form or, as the case may be; however, that any such modification or annulment shall be without prejudice to the validity of anything previously done under that rule.

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

In Pakistan, (15) fifteen people die every hour in road accidents. The number of deaths due to road traffic accidents in the last decade is close to one million. In medical care terminology, the term Golden Hour also known as golden time refers to a time period lasting for one hour following an accident or traumatic injury being sustained by a person, during which there is highest likelihood that prompt medical care will prevent death. Yet, a large percentage of people seem unwilling to help injured persons in the road accidents or to victims of violent crimes including rape. The reason for citizens' inaction ranges from fear of harassment by police, payment of cost of medical treatment in hospitals, etc.

There is an immediate need for framing a policy providing for immediate help to victims of road accidents, crimes and to motivate the by standers to come forward to help the victims of road accidents, violent crimes, etc. by taking them to nearest hospitals for medical treatment. Hence, this Bill.

Sd/-

MS. ASMA QADEER
Member, National Assembly

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

ہنگامی مددگار (دیوانی اور فوجداری ذمہ داریوں سے تحفظ) کے بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ ۱۰/دسمبر، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ معاون قانونی ماحول، ادارہ ہنگامی مددگار کی تشکیل، ہسپتالوں اور شفاخانوں کی ذمہ داریوں کے ساتھ منسلک اور ضمنی معاملات کے قیام کے ذریعے دیوانی اور فوجداری ذمہ داریوں سے ہنگامی مددگار کے تحفظ کے قیام کے بل [ہنگامی مددگار (دیوانی اور فوجداری ذمہ داریوں سے تحفظ) بل، ۲۰۲۰ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

۱۔	راجہ خرم شہزاد نواز	چیئرمین
۲۔	جناب شیر اکبر خان	رکن
۳۔	مہر غلام محمد لالی	رکن
۴۔	جناب رضا نصر اللہ	رکن
۵۔	خواجہ شیراز محمود	رکن
۶۔	جناب راحت امان اللہ بھٹی	رکن
۷۔	ملک کرامت علی کھوکھر	رکن
۸۔	سردار طالب حسن نکئی	رکن
۹۔	محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک	رکن
۱۰۔	جناب محمد اختر مینگل	رکن
۱۱۔	نوابزادہ شاہ زین بگٹی	رکن
۱۲۔	ملک سہیل خان	رکن
۱۳۔	رانا شمیم احمد خان	رکن
۱۴۔	جناب محمد پرویز ملک	رکن
۱۵۔	جناب ندیم عباس	رکن
۱۶۔	محترمہ مریم اورنگزیب	رکن
۱۷۔	سید آغا رفیع اللہ	رکن
۱۸۔	نواب محمد یوسف تالپور	رکن
۱۹۔	جناب عبدالقادر پٹیل	رکن
۲۰۔	جناب عصمت اللہ	رکن
۲۱۔	جناب اعجاز احمد شاہ وزیر برائے داخلہ	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۲۴/دسمبر، ۲۰۱۹ء، ۲۷/جنوری، ۲۰۲۰ء، ۳/فروری، ۲۰۲۰ء، ۱۴/فروری، ۲۰۲۰ء، ۱۷/فروری، ۲۰۲۰ء اور ۴/مارچ، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/-
(راجہ خرم شہزاد نواز)
چیئرمین
قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

دستخط/-
(طاہر حسین)
سیکرٹری

اسلام آباد، ۳/نومبر، ۲۰۲۰ء

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

معاون قانونی ماحول؛ ادارہ ہنگامی مدد گار کی تشکیل؛ اسپتالوں اور شفاخانوں کی ذمہ داریوں اور ان کے ساتھ منسلک اور ضمنی معاملات کے قیام کے ذریعے دیوانی اور فوجداری ذمہ داریوں سے ہنگامی مدد گار کے تحفظ کے قیام کا

بل

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا ہنگامی مدد گار (دیوانی اور فوجداری ذمہ داریوں سے تحفظ) بل، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ کل پاکستان پر وسعت پذیر ہو گا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **تعریفات:۔** (۱) ایکٹ ہذا میں، بجز اس کے سیاق سے کچھ اور ظاہر ہو،۔

(الف) ''حادثہ'' میں زلزلہ، سیلاب، قحط، دہشت گرد حملہ، جنگ، سڑک، ریلوے یا فضائی حادثہ شامل ہیں؛

(ب) ''موزوں حکومت'' سے مراد کسی صوبہ کی صورت میں، اس صوبہ کی حکومت اور دیگر جملہ صورتوں میں، وفاقی حکومت؛

(ج) ''اتھارٹی'' سے مراد دفعہ ۳ کے تحت تشکیل کردہ ہنگامی مدد گار اتھارٹی ہے؛

(د) ''حاضر ناظر'' سے مراد کوئی شخص جو زلزلہ، سیلاب، خشک سالی، دہشت گردی کے حملہ، جنگ یا جرم کے واقعہ کا چشم دید گواہ ہو؛

(ہ) ''ہنگامی رد عمل'' سے مراد حادثہ یا وقوعہ کے جرم کے رد عمل میں ضروری کارروائی کرنا بشمول متاثرہ شخص کی زندگی بچانے کے لئے اس کو ایمبولینس یا پولیس کی مدد سے ہسپتال پہنچانا؛

(و) ''فنڈ'' سے مراد دفعہ ۱۱ کے تحت تشکیل کردہ ہنگامی مدد گار فنڈ ہے؛

(ز) ''ہنگامی مدد گار'' میں شامل کوئی بھی حاضر ناظر ہے جو کہ متاثرہ شخص کی زندگی و املاک کو بچاتے ہوئے مدد کرتا ہے؛

(ح) ''جرم کا وقوعہ'' میں جنسی زیادتی، راہزنی، چوری، قتل، اقدام قتل، اغواء، اغواء کی کوشش اور حادثہ یا وقوعہ کے دوران یا بعد میں ہلڑبازی کرنا شامل ہیں؛

(ط) ''متاثرہ شخص'' سے مراد کسی بھی حادثہ یا جرم کا متاثرہ شخص ہے۔

۳۔ **ہنگامی مدد گار اتھارٹی کا قیام:۔** (۱) وفاقی حکومت ایکٹ ہذا کو چھ ماہ کے اندر اندر نافذ العمل کرتے ہوئے ایک اتھارٹی تشکیل دے گی جو ہنگامی مدد گار اتھارٹی کے نام سے موسوم ہو گی۔

(۲) اتھارٹی کا چیئرمین وفاقی حکومت کی جانب سے مینجمنٹ، ایڈمنسٹریشن، سرکاری امور، خدمات صحت، سماجی کام یا قانون میں خاطر خواہ علم و تجربہ کے حامل نامور اشخاص میں سے مقررکردہ طریقے سے نامزد کیا جائے گا۔

(۳) اتھارٹی میں ہر صوبہ اور علاقہ دارالحکومت اسلام آباد (آئی سی ٹی) سے بطور رکن ایک نمائندہ ہو گا جسے متعلقہ صوبائی حکومت یا علاقہ دارالحکومت اسلام آباد (آئی سی ٹی)، جیسی بھی صورت ہو، کے ساتھ مشاورت سے وفاقی حکومت کی جانب سے مقرر کیا جائے گا۔

(۴) اتھارٹی کے چیئرمین اور اراکین اپنی تقرری کی تاریخ سے تین سال کے عرصہ کے لئے عہدہ بر قرار رکھیں گے۔

(۵) اتھارٹی اپنے فرائض کی بہتر طور پر انجام دہی کے لئے افسران اور سٹاف کی اتنی تعداد رکھے گی جتنی ضروری ہوگی۔

(۶) اتھارٹی کے افسران اور سٹاف کی تنخواہیں، الاؤنسز و دیگر قیود و شرائط ایسی ہوں گی جیسی مقرر کی جائیں۔

۴۔ **اتھارٹی کے فرائض منصبی:۔** اتھارٹی کے فرائض ہوں گے:۔

(الف) ایکٹ ہذا کے تحت ہر اسگی یا ہنگامی مددگار کے حقوق کی خلاف ورزی کی شکایات وصول کرنا اور ایسی ہراسگی یا حقوق کی خلاف ورزی میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کرنا۔

(ب) متاثرہ فرد کے علاج کے لئے ہسپتالوں کے کلیمز کی ادائیگی کرنا۔

(ج) عوام کو ایمرجنسی مددگار بننے کے لئے تیار کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کے لئے عوامی ذرائع ابلاغ مہمات کا آغاز کرنا؛ اور

(د) اس ایکٹ کی تصریحات بالخصوص ایمرجنسی مددگار کے حقوق سے متعلق عوام کو اس طرح مطلع کرنا جیسے مناسب بیان کیا گیا ہو۔

۵۔ **ایمرجنسی مددگار اور اس کے حقوق کی سول و فوجداری ذمہ داری سے استثناء :۔** (۱) متاثرہ فرد کی ملکیت یا محفوظ زندگی کے لئے کسی سول و فوجداری ذمہ داری کے حوالے سے ایمرجنسی مددگار ذمہ دار نہیں ہوگا۔

(۲) مذکورہ تصریح کی عمومیت کو ضرر پہنچائے بغیر ایک ایمرجنسی مددگار کو حادثات یا جرم کے حوالے سے متاثرہ فرد کی ملکیت اور محفوظ زندگی سے متعلق حسب ذیل حقوق حاصل ہوں گے، یعنی:۔

(الف) وہ ابتدائی اطلاعاتی رپورٹ (ایف آئی آر) درج کرانے کا پابند نہیں ہوگا اور اس کو اس کے لئے مجبور نہیں کیا جاسکے گا جب تک وہ اس کے برعکس فیصلہ نہ کریں؛

(ب) کسی ہسپتال یا کلینک میں متاثرہ فرد کو علاج کے لئے بشمول مستقبل کے علاج کے حوالے سے، لے آنے پر وہ کسی قسم کے چارجز ادا کرنے کا پابند نہیں ہوگا۔

(ج) اسے کسی وجوہ کی بناء پر ہسپتال یا پولیس اہلکار کی جانب سے حراست میں نہیں لیا جائے گا لیکن یہ حسب ذیل تک محدود نہیں ہوگا:۔

i. کسی متاثرہ شخص کی شناخت پانا یا اس کی توثیق کرنا؛

ii. دریافت کرنا جب تک کہ وہ حکم امتناعی یا جواب دینے کا فیصلہ نہیں کر لیتا؛ نیز

iii. پولیس یا کسی دوسرے شخص کے لئے بطور گواہ یا شہادت دینے کے لئے تیار ہونا۔

(د) اسے اپنی شناخت ظاہر کرنے کے لئے مجبور نہیں کیا جائے گا۔

(ہ) اس شخص کو کسی تفتیش کنندہ یا بصورت دیگر جو حادثہ یا جرم کے وقوعہ سے متعلق ہو کی جانب سے مجبور یا حراساں نہیں کیا جائے گا۔

(۳) جب ایک ایمرجنسی مددگار حادثہ یا جرم کے وقوعہ کی تفتیش میں معاونت کرتا ہے:۔

(الف) پولیس اس کی جانب حساسیت سے کارروائی کرے گی اور اس کے بیان کی ریکارڈنگ اور اس سے متعلق دیگر تمام کارروائیوں کو بروقت طریقے سے مکمل کرے گی؛

(ب) اسے بار بار طلب نہیں کیا جائے گا؛

(ج) قانون کی عدالت میں اس کے بیان کو بطور گواہ ایک ساعت میں ویڈیو لنک کے ذریعے ریکارڈ کیا جاسکے گا؛

۶۔ **تعلیمی ادارے طلباء کو ابتدائی طبی امداد اور ہنگامی رد عمل کی تربیت فراہم کریں گے:۔** (۱) ہر تعلیمی ادارہ تیرہ سال سے زائد عمر کے ہر طلباء کو مجوزہ عرصہ کے لئے ابتدائی طبی امداد اور ہنگامی صورتحال کی تربیت فراہم کرنے کا ذمہ دار ہو گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت ہر تعلیمی سال میں ایک دفعہ تربیت دی جائے گی۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت تربیت فراہم کرنے کے مقصد کے لئے تعلیمی ادارہ جات حکومت کی جانب سے سرکاری جریدہ میں نوٹیفکیشن کے ذریعہ صراحت کردہ ماہرین یا ادارہ جات کی معاونت حاصل کریں گے۔

۷۔ **متعلقہ حکومت ملازمین کو ابتدائی طبی امداد اور ہنگامی رد عمل کی تربیت فراہم کرے گی:۔** (۱) متعلقہ حکومت اپنے تمام ملازمین کو ہر سال ابتدائی طبی امداد اور ہنگامی صورتحال کی تربیت فراہم کرنے کی ذمہ دار ہو گی۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت تربیت فراہم کرنے کے مقصد کے لئے متعلقہ حکومت سرکاری جریدہ میں نوٹیفکیشن کے ذریعہ صراحت کردہ ماہرین یا ادارہ جات کی معاونت حاصل کریں گے۔

۸۔ **متعلقہ حکومت آگاہی پروگرامز اور ورکشاپس کا اہتمام کرے گی:۔** متعلقہ حکومت وقتاً فوقتاً پروگرامز، ورکشاپس اور سیمینارز کا اہتمام اور انعقاد کرے گی۔

(الف) ایمرجنسی مددگار بننے کے ضمن میں شہریوں کو احساس دلانا؛

(ب) شہریوں کو ایمبولینس سروس اور پولیس سے مدد کے لئے فوری رد عمل کے نمبروں سے آگہی دینا؛ اور

(ج) شہریوں کو ابتدائی امداد کے ہنر اور ہنگامی حالات کے لئے تربیت دینا۔

۹۔ **ہنگامی بنیادوں پر علاج معالجہ کے لئے ہر اسپتال اور شفاخانہ کا فرض:۔** کوئی اسپتال یا شفاخانہ کسی متاثرہ کا ہنگامی علاج کرنے سے انکار نہیں کرے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ اگر اسپتال، یا شفاخانہ ہنگامی طور پر علاج معالجہ سے عہدہ برآ ہونے کے لئے سہولیات سے مزین نہیں ہے، تو وہ متاثرہ شخص کو کسی قریبی اسپتال یا شفاخانہ کے لئے راہنمائی کرنے میں مدد کرے گا۔

(۲) اگر متاثرہ شخص کے خاندان کا کوئی فرد متاثرہ شخص کو ہنگامی علاج معالجہ فراہم کرنے کے لئے کسی قسم کی ادائیگی کرنے سے قاصر ہو تو اسپتال یا شفاخانہ اس کو علاج معالجہ فراہم کرنے سے انکار نہیں کرے گا۔

(۳) کسی متاثرہ شخص کے ہنگامی علاج معالجہ کے دوران صرف شدہ اخراجات کی بازادائیگی کے لئے متعلقہ اسپتال یا شفاخانہ اس مدت کے اندر اندر حکام مجاز سے اس صورت اور طریق کار کے مطابق درخواست کرے گا جو مقرر کیا جاسکتا ہے۔

(۴) جونہی ہنگامی مددگار، متاثرہ شخص کو اسپتال اور شفاخانہ لائے گا پولیس کو مطلع کرنا اسپتال یا شفاخانہ کا فرض ہو گا۔

۱۰۔ **ہنگامی مدد گار فنڈ کی تشکیل:۔** (۱) وفاقی حکومت، سرکاری جریدہ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے، ہنگامی مدد گار فنڈ کے نام سے ایک فنڈ کی تشکیل کرے گی۔

(۲) وفاقی حکومت، اس کے لئے قانون کے ذریعے پارلیمنٹ کی جانب سے کی گئی مناسب تخصیص کے بعد، فنڈ میں اتنی رقم، ایکٹ ہذا کے اغراض کو پورا کرنے کے لئے، جیسا کہ ضروری ہو، رکھے گی۔

۱۱۔ **ہسپتالوں یا شفاخانوں کی جانب سے متاثرین کے علاج سے انکار پر جرمانہ:۔** (۱) کسی ہسپتال یا شفاخانہ کی جانب سے اس کے ہنگامی علاج کے انکار کے باعث کسی بھی شخص کو کوئی جسمانی یا ذہنی تکلیف پہنچے یا موت واقع ہو جانے پر ایسے ہسپتال یا شفاخانہ کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا اور اس ہسپتال یا شفاخانہ کو جرمانہ بھی عائد کیا جائے گا جو کہ دس لاکھ روپے سے کم نہیں ہو گا:

(۲) بلالحاظ اس امر کے کہ ذیلی دفعہ (۱) میں کچھ مذکور ہو، کوئی ہسپتال یا ڈاکٹر ہنگامی طبی علاج معالجہ کے دوران پیچیدگیوں کے باعث کسی متاثرہ فرد کے کسی جسمانی نقصان، یا موت کے لئے کسی دیوانی یا فوجداری ذمہ داری کا مستوجب نہیں ہو گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ کسی طبی ماہر کی جانب سے بڑی طبی کوتاہی کی صورت میں ذیلی دفعہ ہذا میں سے کسی کا بھی اطلاق نہیں ہو گا۔

ایکٹ ہذا کی تصریحات فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں مذکور کسی امر کے باوجود مؤثر رہیں گی۔

۱۲۔ **ازالہ مشکلات:۔** (۱) اگر ایکٹ ہذا کی تصریح کے مؤثر بہ عمل ہونے میں کوئی مشکل آتی ہے تو وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے ایسی تصریحات وضع کر سکتی ہے جو ایکٹ ہذا کی تصریحات سے متصادم نہ ہوں، جنہیں وہ اس مشکل کو دور کرنے کے لئے ضروری یا موزوں سمجھے:

مگر شرط یہ ہے کہ ایکٹ ہذا کے نفاذ کی تاریخ سے دو سال کا عرصہ گزرنے کے بعد ایسا کوئی فرمان وضع نہیں کیا جائے گا۔

(۲) دفعہ ہذا کے تحت وضع کردہ ہر فرمان کو فی الفور پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کیا جائے گا۔

۱۳۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔** (۱) وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے ایکٹ ہذا کی اغراض کی بجا آوری کے لئے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

(۲) ایکٹ ہذا کے تحت وضع کیا گیا ہر قاعدہ جتنا جلد ہو سکے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں، جب ان کا اجلاس جاری ہو، کے سامنے رکھا جائے گا اور اگر اجلاس ختم ہونے سے پہلے یا مذکورہ اجلاس یا اجلاسوں کے فوری بعد قاعدہ ایسی شکل میں ہی اثر پذیر ہو گا یا جیسی بھی صورت ہو؛ پس ایسی کوئی تبدیلی یا تنسیخ قاعدہ ہذا کے تحت کئے گئے کسی گزشتہ امر کے درست ہونے سے امتیاز برتے بغیر ہو گی۔

بیان اغراض ووجوہ

پاکستان میں سڑک پر حادثات کے نتیجے میں ہر ایک گھنٹے کے دوران (۱۵) پندرہ افراد جاں بحق ہو جاتے ہیں۔ گزشتہ ایک دہائی میں ٹریفک حادثات کی وجہ سے ہونے والی اموات کی تعداد دس لاکھ کے قریب ہے۔ طبی نگہداشت کی اصطلاح میں، گولڈن آور کی اصطلاح جسے گولڈن ٹائم بھی کہا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ایک ایسے وقت کا دورانیہ ہے جو کہ کسی شخص کو حادثہ پیش آنے کی وجہ سے تکلیف دہ چوٹ لگ جانے کے بعد ایک گھنٹہ تک جاری رہتا ہے، اس دوران اس بات کا زیادہ امکان ہوتا ہے کہ فوری طبی امداد سے موت کے امکان کو روکا جاسکتا ہے۔ اس کے باوجود لوگوں کی ایک بڑی شرح سڑک حادثات میں زخمی ہو جانے والے افراد یا عصمت دری سمیت متشدد جرائم کے شکار افراد کی مدد کرنے کو تیار نہیں ہوتے۔ شہریوں کی عدم فعالیت کی وجہ پولیس کی جانب سے ہراساں کیے جانے کا خوف، ہسپتالوں میں علاج معالجے کی لاگت کی ادائیگی کا خدشہ وغیرہ ہیں۔

سڑک حادثات اور جرائم کے نتیجے میں متاثر ہونے والے افراد کو فوری طور پر مدد فراہم کرنے اور راہگیروں کو متشدد جرائم سے متاثرہ افراد کو طبی امداد فراہم کرنے کی غرض سے نزدیکی ہسپتال میں لے جانے کے لئے آگے آنے کی ترغیب دینے کی پالیسی تیار کرنے کی فوری ضرورت ہے۔ لہٰذا بل ہذا کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔
محترمہ اسماء قدیر
رکن، قومی اسمبلی۔